ا۔ تصویر

خط نگاری

ا۔ خط کی قسمیں

خط نگاری سے مراد لکیر کھینچنا ہے۔

لکیروں کو ایک دوسرے سے جوڑیں تو شکلیں بنتی ہیں۔
| - \ / یہ مختلف لکیریں ہیں۔ انھیں ایک دوسرے سے جوڑنے پر  شکلیں بنتی ہیں۔ شکلوں سے تصویریں بنتی ہیں۔

شکل جتنی خوب صورت ہوگی تصویر اتنی ہی عمدہ بنے گی۔
تصویر میں لکیروں کی مختلف قسمیں دیکھیے۔



کھڑی/ اُفقی لکیریں

آڑی/عمودی لکیریں



ترچھی لکیریں



دائروی لکیر

سانپ جیسی (منحنی) لکیریں

اُلجھی ہوئی لکیریں

میری سرگرمی:

ا۔ کاغذ پر مختلف قسم کی لکیریں کھینچ کر ان لکیروں پر اون کے ٹکڑے چپکائیے۔
۲۔ گیلی مٹی کا ایک سپاٹ چوکون تیار کر کے اس پر تیلی یا خالی رِفل سے لکیریں بنائیے۔
۳۔ کاغذ پر پنسل سے ایک بڑی شکل بنا کر اسے کالے اسکیچ پین سے گہرا کیجیے۔ اندرونی سمت رنگین اسکیچ پین یا پنسل سے مختلف قسم کی لکیریں بنائیے۔

♦ خط نگاری کے لیے حسبِ ضرورت رہنمائی کریں۔ کیا خط نگاری سے ڈیزائن بنائی جاسکتی ہے، اس پر مباحثہ کروائیں۔

۲۔ لکیروں کا کھیل



- مختلف چیزوں کی باہری شکل لکیروں کی مدد سے بنایئے مثلاً گھر، پتنگ، راکٹ، ناؤ، گل دان، مچھلی، بادل، پتے، پھل وغیرہ۔
- ان شکلوں کو کالے اسکیچ پین سے گہرا کیجیے۔ اندرونی حصے کو رنگین پین، اسکیچ پین، پنسل کی مدد سے اُلجھی ہوئی لکیروں سے رنگیے۔ ایک دلچسپ تصویر تیار ہو جائے گی۔

میری سرگرمی :

- ایک بڑا دائرہ بنایئے۔ اس میں دو تین چھوٹے دائرے بنا کر ان پر چھوٹے بیج، منکے یا بند یا رکھیے۔ خیال رکھیے کہ یہ چیزیں رکھتے وقت دائروی شکل بدلنے نہ پائے۔

۳۔ نقطوں کا کھیل

نیچے کے چوکونوں میں ترتیب کے ساتھ چھوٹے، بڑے، درمیانی، بھرے ہوئے اور خالی نقطے ایک جیسے فاصلے پر بنایئے۔



میری سرگرمی : رنگین پنسل، اسکیچ پین یا مارکر پین استعمال کر کے نقطے بنانے کی مشق کیجیے۔